کنسٹرکٹرز
ایسوسی ایشن
آف پاکستان

Constructors
Association
of Pakistan

(Incorporated under the Companies Ordinance, 1984 vide License No. 23, granted by Ministry of Commerce)

السلام علیکم!

کنسٹرکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (کیپ) ایک قانونی ٹریڈ باڈی ہے جو وزارت تجارت سے ٹریڈ آرگنائزیشن آرڈیننس کے تحت لائسنس شدہ ہے اور کمپنی آرڈیننس کے تحت سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) سے رجسٹرڈ ہے۔کیپ پاکستانی کنسٹرکشن کنٹریکٹرز کی واحد نمائندہ تنظیم ہے۔کیپ پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) کی گورننگ باڈی،فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کی ایگزیکٹو کمیٹی ،وزارت تجارت کے ایڈوائزری بورڈ اور وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے ہاؤسنگ ایڈوائزری بورڈ کی ممبر ہے۔

ایسوسی ایشن کو وفاقی اور صوبائی حکومتیں تمام اجلاسوں میں پاکستانی کنسٹرکشن کنٹریکٹرز کی نمائندہ تنظیم کے طور پر مدعو کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اور قائدین کی محنت سے کیپ کنسٹرکشن انڈسٹری کی فلاح و بہبود کے لئے تندہی سے کام کر رہی ہے۔ پاکستان میں زراعت کے بعد کنسٹرکشن انڈسٹری سب سے زیادہ روزگار مہیا کر رہی ہے۔کنسٹرکشن کنٹریکٹرز سب سے زیادہ ٹیکس ادا کرتے ہیں،مشکل سے مشکل ترین کام سرانجام دیتے ہیں، نادہندہ بھی نہیں، ان سب باتوں کے باوجود کنسٹرکشن کنٹریکٹرز کی کوئی شنوائی نہیں اور نہ ہی کبھی ان کے مطالبات پر غور کیا جاتا ہے اس کی وجہ صرف اور صرف یہ ہے کہ کنسٹرکشن کنٹریکٹرز چھوٹی چھوٹی کمزور اور بے اثر تنظیموں میں بکھرے ہوئے ہیں۔اتحاد کا فقدان ہے۔

ان تمام مسائل کا حل ہے کہ کنسٹرکشن کنٹریکٹرز اپنے آپ کو ملکی سطح پے منظّم کریں۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں جس دن کنسٹرکشن کنٹریکٹرز ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو جائیں گے ان کے تمام مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے اور کوئی محکمہ یا آفیسر بے جا استحصال نہیں کر پائے گا۔

یاد رکھیے: **فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں**

موج ہے دریا میں بیرون دریا کچھ نہیں (اقبال)

ہماری پاکستان بھر کے تمام کنسٹرکشن کنٹریکٹرز سے التماس ہے کہ وہ کنسٹرکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رکنیت حاصل کریں اور اپنی ایسوسی ایشن کو مضبوط بنائیں،ممبرشپ فارم لف ہے۔مزید معلومات کے لئے درج ذیل افراد سے رابطہ کر سکتے ہیں:

محمد سلیم خان
سیکرٹری جنرل موبائل:0300-4444102

جبار علی بٹ
سیکرٹری موبائل:0333-4282409

انجنیئر سید اشفاق حسین
چیئرمین،موبائل:0345-5551016